Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

# عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 15 | جمعرات، 27 جون 2024ء، 20 ذوالحجہ 1445ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 95

# توانائی کے متبادل ذرائع پر توجہ مرکوز کرنے کی ضرورت: وزیراعظم

آئیں ملک کی ترقی اور خوشحالی کیلئے مل بیٹھ کر بات کریں، بانی چیئرمین پی ٹی آئی کو جیل میں مشکلات ہیں تو آگاہ کریں، بانی چیئرمین پی ٹی آئی کو جیل میں اگر کوئی مشکلات ہیں تو اس سے آگاہ کریں

کینسر کا مریض ہونے کے باوجود میں تو جیل میں نہیں رویا، ہم نہیں چاہتے کہ جو زیادتیاں ہم سے ہوئیں وہ ان سے ہوں، شہباز شریف کا قومی اسمبلی میں اظہار خیال

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم محمد شہباز شریف نے اپوزیشن کو مفاہمت کی دعوت دیتے ہوئے کہا ہے کہ آئیں ملک کی ترقی اور خوشحالی کیلئے مل بیٹھ کر بات کریں، بانی چیئرمین پی ٹی آئی کو جیل میں اگر کوئی مشکلات ہیں تو اس سے آگاہ کریں، کینسر کا مریض ہونے کے باوجود میں تو جیل میں نہیں رویا، ہم نہیں چاہتے کہ جو زیادتیاں ہم سے ہوئیں وہ ان سے ہوں۔ بدھ کو قومی اسمبلی میں سنی اتحاد کونسل (بقیہ نمبر 29)

لاہور: چیئرمین ملک محمد خان پنجاب اسمبلی کے اجلاس کی صدارت کررہے ہیں

## پنجاب میں ایک لاکھ گھر بنائے جائیں گے، عظمیٰ بخاری

خود کو انسانی حقوق کے چیمپئن سمجھنے والے لوگوں میں بھی سکھ میرج ایکٹ موجود نہیں

مذہبی اقلیتیں ہمیشہ مسلم لیگ (ن) کیلئے اہم رہی ہیں، وزیراطلاعات پنجاب

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر اطلاعات و ثقافت پنجاب عظمیٰ بخاری نے کہا ہے کہ مذہبی اقلیتیں ہمیشہ مسلم لیگ (ن) کیلئے اہم رہی ہیں، مذہبی اقلیتوں کو وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کی طرف سے بھرپور توجہ دی جا رہی ہے، سید نوید قمر کو وزیر اعلیٰ پنجاب اپنی ترجیح سمجھتی ہیں، خود کو انسانی حقوق کے چیمپئن سمجھنے والے لوگوں میں بھی سکھ (بقیہ نمبر 30)

## میوزیکل ڈرامہ "قصمی" 29 جون کو آف دی کارنر میں پیش کیا جائیگا

اس ڈرامے میں صوفی کلچر، صوفی رقص، صوفیانہ کلام کے علاوہ قوالی بھی پیش کی جائیگی

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) ریڈ میڈیا سرکل اور شاکر سمرا آرٹ پرنٹی میڈیا سرکل ڈرامہ "قصمی" 29 جون بروز ہفتہ کی شام پاکستان نیشنل کونسل آف دی آرٹس میں (بقیہ نمبر 3)

## تندور اور ریسٹورنٹس کے کیٹیگریز میں زمین آسمان کا فرق ہے

ریسٹورنٹس اور تندور کے مابین غیر متوازن روٹی کے مقررہ کردہ نرخ کے خلاف ہائی کورٹ سے رجوع کرلیا

راولپنڈی (نمائندہ خصوصی) راولپنڈی ریسٹورنٹس کیٹرز سوسیئشن اینڈ بیکرز ایسوسی ایشن کے صدر محمد فاروق چودھری نے کہا کہ ریسٹورنٹس اور تندور کے مابین غیر متوازن روٹی کے مقررہ کردہ نرخ کے خلاف ہائی کورٹ سے رجوع (بقیہ نمبر 32)

## سید نوید قمر قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کے چیئرمین منتخب

سید نوید قمر کا انتخاب قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کے اجلاس میں کیا گیا، چیئرمین منتخب ہونے پر مبارکبا

اسلام آباد (این این آئی) سید نوید قمر قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کے اجلاس میں کیا گیا۔ سید نوید قمر کو وزیر اعلیٰ پنجاب اپنی ترجیح چیئرمین منتخب ہوگئے۔ سید نوید قمر کا انتخاب قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کے اجلاس میں کیا گیا۔ کمیٹی (بقیہ نمبر 31)

# بھرپور صفائی کا حکم

## اضلاع سے ڈیلی رپورٹ طلب

بارشوں کے پیش نظر ڈرین کی صفائی اور سیلاب سے مکمل طور پر متاثر علاقوں میں عوام کو انخلا اور قیام وطعام سے آگاہ کرنیکی ہدایت، رود کوہی کے نالوں کے راستوں میں تجاوزات اور رکاوٹیں ہٹائی جائیں

سیلاب کے پیش نظر آبادی کے بروقت انخلا کی پلاننگ کی جائے، سیلاب کی صورت میں انسانی جانوں کیساتھ ساتھ مال مویشی کو بھی بروقت نکالا جائے، ہریالی بند سے تجاوزات ہٹائی جائیں، مانیٹرنگ جاری رکھی جائے

دنیا بھر میں ارلی فلڈ وارننگ سسٹم رائج ہے، پاکستان میں کیوں سیلاب کا بروقت پتہ نہیں چلتا، سیلاب کے بارے میں مستند اطلاعات کی ترسیل یقینی بنائی جائے، وزیراعلیٰ مریم نواز کی پنجاب ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی ہیڈ آفس آمد

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ مریم نواز شریف نے پنجاب بھر میں نہری نالوں کی بھرپور صفائی کا حکم دیا ہے اور نکنہ بارشوں کے پیش نظر ڈرین کی بھرپور صفائی کی ہدایت بھی (بقیہ نمبر 43)



اسلام آباد: وزیراعظم محمد شہباز شریف قومی اسمبلی کے اجلاس سے خطاب کررہے ہیں

## وفاقی دارالحکومت اسلام آباد میں ایف آئی آر کرانا ہوا آسان

## چند پیسوں کے عوض ناقابل ضمانت ایف آئی آر آپکی منتظر

ایف آئی آر کے لئے MLC بنوانے کے لئے 30 ہزار سے 1 لاکھ روپے تک رشوت کی ویڈیو ٹی وی کی جاری ہے

شہر اقتدار کے پرہجوم ہسپتال ڈاکٹر حذیفہ اور اسسٹنٹ شوکت نے وفاقی پولیس کی ملی بھگت سے جعلی میڈیکل اور رشوت خوری کا بازار گرم کر رکھا ہے

ذرائع کے مطابق ڈاکٹر حذیفہ کسٹریک سے ہونے کے باوجود کھلم کھلا جعلی میڈیکل بنا کر دینے کا دھندہ کر رہا ہے اور ساری ڈیٹیک اپنے اسسٹنٹ شوکت کے ذریعے کروا رہا ہے

اسلام آباد (اعمر حیدر سے) پمز ہسپتال میں جعلی میڈیکل MLC کا دھندہ دھڑلے سے جاری ذرائع کے مطابق ڈاکٹر حذیفہ اور اسسٹنٹ شوکت بھاری رقم کے عوض میڈیکل MLC بنا کر دیتے ہیں "مضروب حسب حادثہ کے مطابق ڈاکٹر حذیفہ کا کہنا تھا کہ اب آپ کے زخم ٹھیک ہو گئے ہیں اب میڈیکل نہیں بنے گا اگر آپ MLC چاہتے ہو تو 150000 دے دیں، ہم آپ کا میڈیکل بنا دیتے ہیں، میں نے انہیں میں نے کہا کہ میں غریب بندہ ہوں 10 سے 15 ہزار دے سکتا ہوں اس سے زیادہ نہیں دے سکتا تو وہاں موجود ڈاکٹر حذیفہ (بقیہ نمبر 49)

گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے پیٹریاٹ پارٹی کے سینئر رہنما قمر زمان کائرہ کی ملاقات کررہے ہیں

## عوام کو اقلیتی حکومت پر اعتماد نہیں ٹیکس نہیں دیں گے، مولانا فضل الرحمن

سفارتی لحاظ سے دیکھا جائے تو وزیراعظم شہباز شریف چائنہ سے کامیاب ہو کر واپس نہیں آئے

چائنہ نے ایک ہی نقطہ میں جواب دیا پاکستان میں سیاسی عدم استحکام ہے، پاکستان میں سکیورٹی کے حالات ہی ٹھیک نہیں ہیں

اسلام آباد (این این آئی) جمعیت علمائے اسلام (ف) کے سربراہ مولانا فضل الرحمن نے کہا ہے عوام کو حکومت پر اعتماد نہیں، ٹیکس نہیں دیں گے۔ سفارتی لحاظ سے دیکھا جائے تو وزیراعظم شہباز شریف چائنہ سے کامیاب ہو کر واپس نہیں آئے، چائنہ نے ایک ہی نقطہ میں جواب دیا پاکستان میں سیاسی عدم استحکام ہے، پاکستان میں سکیورٹی کے حالات ہی ٹھیک نہیں ہیں۔ قومی اسمبلی کے بجٹ اجلاس کے موقع پر اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سفارتی لحاظ سے دیکھا جائے تو وزیراعظم شہباز شریف چائنہ سے کامیاب ہو کر واپس نہیں (بقیہ نمبر 4)

## اسلام آباد پولیس کی کانسٹیبل مریم بھٹی کو آئینہ دکھایا تو برا مان گئی

سخاوی چوہدری ہارون کو سائبر کرائم کی طرف سے نوٹس بھجوا دیا

اسلام آباد پولیس کی کانسٹیبل مریم بھٹی کی اسلحہ لہراتے ہوئے اور شیشہ کیٹے کی ویڈیو منظر عام پر

اسلام آباد (اعمر حیدر سے) اسلام آباد پولیس کی کانسٹیبل مریم بھٹی اسلام آباد پولیس کی بدنامی کا باعث بننے کی وجہ سے ان کے مطابق مریم بھٹی نے اپنے سوشل میڈیا ٹک ٹاک اکاؤنٹ سے ویڈیو اپلوڈ کی جس میں وہ ایک فی شیشہ کیٹے میں چلتے ہوئے ویڈیو بنا رہی ہیں جس نے اسلام آباد پولیس کے کئی سوالات کھڑے کر دیئے کیا اسلام آباد پولیس خود نہ رائم پیشہ عناصر کی پشت پناہی کر رہی ہے؟ کیا شیشہ کیٹے چلانے والے مافیا کے۔ پیچھے اسلام آباد پولیس کا (بقیہ نمبر 45)

## رنگ روڈ پر سگری 10 کے قریب ٹریلر حادثہ، ایک شخص جاں بحق

لاہور (این این آئی) رنگ روڈ پر سگری 10 کے قریب ٹریلر حادثہ پیش آیا، ٹریلر حادثے میں ایک شخص جاں بحق ہو گیا۔ سروس روڈ پر تیز رفتار گاڑی ٹریلر کے سامنے سے گزر گئیں، ایک گاڑی ڈرائیور موقع پر جاں بحق ہو گیا۔ دوسرا ڈرائیور زخمی ہو گیا۔ سی ٹی او لاہور عمارہ اطہر کا کہنا ہے حادثے کی وجوہات کا تعین کیا جا (بقیہ نمبر 50)

## قرضہ لے کر پاکستان کو مزید تباہی کی طرف لے کر جائیں گے

قائم 47 والی حکومت کی پوری کوشش ہے غریب مزید غریب ہو جائے، ڈاکٹر یاسمین راشد

لاہور (این این آئی) پاکستان تحریک انصاف کی مرکزی رہنما و سابق صوبائی وزیر ڈاکٹر یاسمین راشد نے خیبل سے عدالت گرفتاری قرضوں کے لم پر تشویش کا اظہار کرتے (بقیہ نمبر 51)

## بجٹ میں غیر صحت بخش میٹھے مشروبات پر ٹیکس بڑھائے جائیں

پاکستان غیر متعدی بیماریوں کے شدید بحران سے دوچار ہے، لاکھوں افراد بعض قسم کے کینسر میں مبتلا

علماء کرام نے اپنی تقریروں میں یقین دلایا کہ وہ میٹھے مشروبات کے صحت کے نقصانات کے بارے میں عوام کو آگاہ کریینگے

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) پاکستان غیر متعدی بیماریوں کے شدید بحران سے دوچار ہے، لاکھوں افراد ذیابیطس، موٹاپے، دل کی بیماری، گردے کی بیماریوں اور بعض قسم کے کینسر میں مبتلا ہیں۔ پاکستان میں 60 فیصد اموات ان غیر متعدی بیماریوں کی وجہ سے ہوتی ہیں۔ میٹھے مشروبات کا استعمال (بقیہ نمبر 38)

## پاکستان ریلوے میں 5 افسران کے تقرر و تبادلے

لاہور (این این آئی) پاکستان ریلوے نے گریڈ 18 اور 17 کے 5 افسران کے تقرر و تبادلوں کے احکامات جاری کر دیئے ہیں جن کا تعلق شعبہ کمرشل ایڈوٹائزمنٹ سیکشن سے ہے۔ ڈویژنل کمشنر مطابق ڈویژنل فرائیڈ ہیڈ آفیسر کراچی سی سا جبین کو ڈویژنل پرسنل (بقیہ نمبر 39)

## ملک سیاسی طور پر مستحکم ہوگا تو ملکی معیشت میں بھی استحکام آئے گا، گورنر پنجاب

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان سے گورنر ہاؤس لاہور میں پیٹریاٹ پارٹی کے سینئر رہنما قمر زمان کائرہ نے ملاقات کی۔ ملاقات میں باہمی دلچسپی کے امور سمیت ملک کی مجموعی صورتحال پر تفصیلی خیال خیال کیا گیا۔ ملاقات میں قمر زمان کائرہ نے سردار سلیم حیدر خان کو گورنر پنجاب (بقیہ نمبر 40)

## ہیلتھ ایگزیکٹو آئیسکو 27 جون 2024 فیس بک لائیو اور ٹیلی فون پر آئیسکو رجین کے صارفین کی شکایات سنیں گے۔ ترجمان آئیسکو

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) ترجمان آئیسکو کی جاری پریس ریلیز کے مطابق چیف ایگزیکٹو آئیسکو ڈاکٹر محمد امجد خان مورخہ 27 جون 2024 (بروز جمعرات) (بقیہ نمبر 37)



اسلام آباد: جے یو آئی کے سربراہ مولانا فضل الرحمان قومی اسمبلی میں اظہار خیال کررہے ہیں

## وزیراعلیٰ مریم نواز کا "منشیات سے پاک پنجاب" کے عزم کا اعادہ

منشیات کا استعمال زندگیاں، خاندان تباہ کرتا ہے، ہمیں اس خطرے سے لڑنے کے لیے متحد ہونا ہوگا

منشیات کیخلاف جنگ میں اجتماعی کوشش کی ضرورت ہے، ہر شہری اس مقصد میں فعال طور پر حصہ لے، پیغام

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے "منشیات سے پاک پنجاب" کے عزم کا اعادہ کیا ہے۔ انسداد منشیات کے عالمی دن پر اپنے ایک پیغام میں وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کا کہنا تھا کہ آج ہم اپنے نوجوانوں کے بہتر مستقبل کے لیے منشیات سے پاک پنجاب کے عزم کا اعادہ کرتے ہیں، منشیات کا استعمال زندگیاں اور خاندان تباہ کرتا ہے، ہمیں اس خطرے سے لڑنے کے لیے متحد ہونا ہوگا۔ (بقیہ نمبر 36)

## راجن پور ٹریفک حادثے میں چار افراد کے جاں بحق ہونے پر اظہار افسوس

لاہور (این این آئی) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے راجن پور کے قریب ٹریفک حادثے میں 4 افراد کے جاں بحق ہونے پر افسوس کا اظہار کیا ہے اور (بقیہ نمبر 35)

## پرائیویٹ سکولوں کو 10 فیصد بچے فری پڑھانے کا پابند کرانے کا فیصلہ

سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ کے ذریعے پرائیویٹ سکول آرڈیننس 2014 کو دوبارہ فعال کیا جائیگا

لاہور (این این آئی) حکومت نے پرائیویٹ سکول آرڈیننس 2014ء دوبارہ فعال کرکے پرائیویٹ سکولوں کو دس فیصد بچے فری پڑھانے کا پابند کروانے کا فیصلہ کرلیا۔ تفصیلات کے مطابق غریب اور مستحق بچے بھی پرائیویٹ سکولوں میں مفت تعلیم حاصل کر (بقیہ نمبر 34)

لاہور: صوبائی وزیر اطلاعات وثقافت عظمیٰ بخاری اور وزیر اقلیتی امور معظم نگھار روڈ ڈی پی آر میں پریس کانفرنس کررہے ہیں

## مذہبی اقلیتوں کو وزیر اعلیٰ پنجاب کی ترجیح

## سید نوید قمر کا انتخاب قائمہ کمیٹی برائے خزانہ کے چیئرمین منتخب

## سوئی ناردرن کی گیس چوروں کے خلاف کارروائیاں

پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد میں مزید 27 گیس کنکشن منقطع، اور 18 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد

مردان میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 10 کنکشنز منقطع، جبکہ ریجنل ٹیم گیس چوروں کے خلاف 12 لاکھ کے جرمانے بھی عائد کیے

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) سوئی ناردرن کے تحت پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد کے مختلف علاقوں میں گیس چوری کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران مزید 27 گیس کنکشن منقطع کردیے گئے۔ جبکہ 18 لاکھ سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے۔ سوئی ناردرن گیس نے لاہور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 4 گیس کنکشن منقطع کیے۔ ملتان میں ریجنل ٹیم نے گیس کے غیر قانونی استعمال پر 4 گیس کنکشنز منقطع کیے۔ شیخوپورہ میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 2 گیس کنکشنز منقطع کیے گئے ٹیم نے بہاولپور میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 4 گیس کنکشنز منقطع کیے۔ گوجرانوالہ میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 1 کنکشن منقطع جبکہ ریجنل ٹیم گیس چوروں کے خلاف 6 لاکھ سے زائد کے جرمانے بھی عائد کیے۔ مردان میں گیس کے غیر قانونی استعمال پر 10 کنکشنز منقطع جبکہ ریجنل ٹیم گیس (بقیہ نمبر 42)

## خیبر پختونخواہ سے منشیات کی لاہور سمگلنگ ناکام

36 کلو چرس برآمد کرکے منشیات کے 3 ڈیلروں کو گرفتار کرلیا گیا

لاہور (این این آئی) خیبر پختونخواہ سے منشیات کی لاہور سمگلنگ ناکام بنا دی گئی۔ 36 کلو چرس برآمد کرکے منشیات کے 3 ڈیلروں کو گرفتار کرلیا گیا۔ پولیس ذرائع کا کہنا ہے کہ منشیات خیبر پختونخواہ سے لیسل آباد، شکوالی کی طرف اور وہاں سے لاہور شفٹ کی گئی (بقیہ نمبر 8)

## یاسمین راشد، عمر سرفراز و دیگر کیخلاف مقدمات کی سماعت ملتوی

انسداد دہشت گردی عدالت کی آئندہ سماعت پر ملزمان کو جالان کی کاپیاں تقسیم کرنے کی ہدایت

لاہور (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت نے پی ٹی آئی رہنماؤں ڈاکٹر یاسمین راشد، عمر سرفراز چیمہ و دیگر کے خلاف 9 سمیٹی کے مقدمات کی سماعت ملتوی کردی۔ لاہور کی انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ارشد جاوید نے مسلم لیگ (ن) کا ٹھس جلانے، کلر چک میں کنٹینر اور شیر پاپی پر احتجاج اکبر تقاریر جلاؤ گھیراؤ سمیت 6 مقدمات پر سماعت کی۔ پی ٹی آئی رہنماؤں ڈاکٹر یاسمین راشد، عمر سرفراز چیمہ، اعجاز چودھری اور میاں (بقیہ نمبر 6)

راولپنڈی: ایئس سروس میں سوسائٹی کے صدر جنرل (ر) عبدالقیوم ملک پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

## مقدمات سے میری زبان بند نہیں کرائی جاسکتی، صنم جاوید

وہ وقت دور نہیں جب ہم سب رہا ہوں گے، پی ٹی آئی سوشل میڈیا ایکسٹرمسٹ

لاہور (این این آئی) پی ٹی آئی کی خاتون رہنما صنم جاوید نے کہا ہے کہ مقدمات سے میری زبان بند نہیں کرائی جاسکتی، وہ وقت دور نہیں جب ہم سب رہا ہوں گے۔ انسداد دہشت گردی عدالت لاہور میں پیشی کے موقع پر پی ٹی آئی سوشل میڈیا ایکسٹرمسٹ صنم (بقیہ نمبر 47)

## بلوچستان سے TTP کی فدائی شوریٰ کا کمانڈر گرفتار

کالعدم بی ایل اے کا دین سے کوئی تعلق نہیں، کالعدم ٹی ٹی پی کا سارا انتظام رادیکیتی ہے، گرفتار دہشت گرد

16 سالوں میں میں نے پاکستان کی سیکیورٹی اداروں کے خلاف دہشت گردانہ کارروائی میں حصہ لیا، کنفیشن

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان سے کالعدم تحریک طالبان پاکستان شوریٰ کے اہم کمانڈر انصار اللہ کو گرفتار کرلیا گیا، گرفتار کمانڈر نے ہوشربا انکشافات کرتے ہوئے کہا ہے کہ کالعدم بی ایل کا دین سے کوئی تعلق نہیں، کالعدم ٹی ٹی پی کا سارا انتظام رادیکیتی ہے، پاکستان دشمن کے مذموم مقاصد کو پورا کیا جارہا ہے، افغان حکومت کالعدم ٹی ٹی پی کو سہولیات فراہم کر رہی ہے، 16 سالوں میں میں نے (بقیہ نمبر 52)

## عمران خان، نواز چوہدری کیخلاف توہین الیکشن کمیشن و کشمیر کے مقدمے پر سماعت ملتوی

اسلام آباد (این این آئی) الیکشن کمیشن نے بانی پاکستان تحریک انصاف اور سابق وفاقی وزیر نواز چوہدری کے خلاف توہین الیکشن کمیشن و چیف الیکشن کشمیر کی سماعت 11 جولائی تک ملتوی کردی۔ محترمہ دولتی کی سربراہی میں چار رکنی کمیشن سماعت کررہا ہے۔ (بقیہ نمبر 54)

## پی ڈی ایم اے نے پنجاب بھر میں کم جولائی تک بارشوں کا الرٹ جاری کردیا

لاہور (نمائندہ خصوصی) صوبائی ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (پی ڈی ایم اے) نے پنجاب بھر میں 27 جون سے کم جولائی تک بارشوں کا الرٹ جاری کردیا۔ پی ڈی ایم اے کے مطابق پنجاب بھر میں 26 جون تا کم جولائی تک بارشوں کی پیش گوئی ہے۔ صوبائی (بقیہ نمبر 55)

## خالد حسین گھمن قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے آبی وسائل کے چیئرمین منتخب

اسلام آباد (این این آئی) خالد حسین گھمن قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے آبی وسائل کے چیئرمین منتخب ہوگئے۔ خالد حسین گھمن کا انتخاب قائمہ کمیٹی برائے آبی وسائل کے اجلاس میں کیا گیا۔ خالد حسین گھمن کے چیئرمین کے لیے نامزد حسن نواز خان نے کھڑے ہو کر نیز چیئرمین نے کمیٹی کمبران کا ہاتھ منتخب (بقیہ نمبر 57)

## پستول سے کھیلتے ہوئے اچانک گولی چلنے سے 8 سالہ بچہ جاں بحق

18 سالہ سکیورٹی گارڈ نے گلے میں پھندا لیکر مبینہ خودکشی کرلی، پولیس تفتیش شروع

لاہور (این این آئی) صوبائی دارالحکومت میں اچانک گولی چلنے سے 8 سالہ بچہ جاں بحق ہوگیا جبکہ 18 سالہ سکیورٹی گارڈ نے گلے میں پھندا لیکر مبینہ خودکشی کرلی۔ پولیس کے مطابق مشاہدہ کے علاقے میں آٹھ سالہ بچہ مادی کمر میں موجود پستول سے کھیل رہا تھا کہ اچانک گولی چل گئی۔ آٹھ سالہ بچہ گولی لگنے سے موقع پر دم توڑ گیا۔ پولیس نے لاش تحویل (بقیہ نمبر 56)

لاہور: گورنر پنجاب سردار سلیم حیدر خان ڈائریکٹر ایس ایس چلڈرن ہیلتھ کیئر ایس بٹ کو ہاشمی پیس کے لیے 10 لاکھ روپے کا چیک دے رہے ہیں

روزنامہ عوامی للکار راولپنڈی Daily Awami Lalkaar Rawalpindi
عوام کی بے باک ترجمان
بانی: کامریڈ عبدالرشید شہید
ایڈیٹوریل ایڈیٹر روبینہ فیصل

# ایڈیٹوریل پیج

## بجلی کے فکسڈ چارجز میں اضافہ

نیشنل الیکٹرک پاور ریگولیٹری اتھارٹی (نیپرا) کی طرف سے بجلی کے استعمال پر کیم جولائی سے فکس چارجز میں اضافہ پر صنعتی سیکٹر نے تشویش کا اظہار کیا ہے اور کہا ہے کہ اس اضافے کی وجہ سے پہلے سے بحران کا شکار انڈسٹری تباہ ہو جائے گی۔ انڈسٹریل ایسوسی ایشن اسلام آباد کے صدر نادر قریشی نے کہا کہ یکم جولائی سے جس طرح بجلی کے نرخوں پر نظر ثانی کی جا رہی ہے، اس کی موجودگی میں صنعتوں کو چلانا ناممکن ہو جائے گا۔ بجلی پر فکسڈ چارجز کے علاوہ بنیادی ٹیرف پر بھی یکم جولائی سے نظر ثانی کی جا رہی ہے، آئی ایم ایف کی شرائط کے تحت فی یونٹ بجلی کا ریٹ بہت بڑھ جائے گا۔ واضح رہے کہ نیپرا کی طرف سے جاری ہونے والے ایک حکم نامے کے مطابق 25 کے ڈیلوڈ کیوا یو میٹر کے تحت آنے والوں پر فکسڈ چارجز ایک ہزار روپے کر دیئے گئے ہیں جبکہ 500 کے وی تک بجلی استعمال کرنے والے فی ٹو کنکٹری میں آنے والوں پر چارجز میں 300 فیصد کا اضافہ کیا گیا ہے۔ فی تھری کنکٹری میں آنے والے صنعتی کنزیومرز جو 500 کے ڈیلوڈ بجلی استعمال کرتے ہیں ان کیلئے اضافہ 335 فیصد کیا گیا ہے۔

ایک طرف وزیراعظم شہباز شریف ملک میں بیرونی سرمایہ کاری کیلئے دن رات جدوجہد کر رہے ہیں تاکہ معیشت کو اپنے پاؤں پر کھڑا کیا جا سکے' اس کیلئے وہ چین' سعودی عرب' عرب امارات کے دورے کر کے انہیں پاکستان میں سرمایہ کاری کیلئے آمادہ بھی کر چکے ہیں' جبکہ دوسری جانب نیپرا بجلی کے فکسڈ چارجز میں اضافہ کر کے ملکی صنعتی سیکٹر کیلئے نہ صرف مشکلات پیدا کر رہا ہے بلکہ بیرونی سرمایہ کاری کیلئے وزیراعظم کی کوششوں کو بے ثمر کرتا نظر آ رہا ہے جبکہ اس سے صنعتی سیکٹر کو تباہی کا الگ سامنا کرنا پڑیگا۔ اس تناظر میں بیرونی سرمایہ کاروں کو کس طرح ملک میں سرمایہ کاری کیلئے آمادہ کیا جا سکتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ بجلی بجلی بدترین مہنگائی اور نادار گھرانوں کے باعث کئی پاکستانی صنعتی کارخانوں کو حالات کے ہاتھوں مجبور ہو کر اپنا سرمایہ اور کاروبار دوسرے ملکوں میں منتقل کر چکے ہیں۔ ان حالات میں جو صنعتیں کارخیبے تیسے اپنی صنعت کا پہیہ چلانے کی کوشش کر رہے ہیں' وہ اپنی لاگت بھی پوری نہیں کر پا رہے۔ ایک طرف حکومت صنعتی سیکٹر کو رعایتی ریٹ دینے کیلئے قومی بجٹ میں معینکانوں کو ہر ممکن ریلیف دینے اور انہیں سستی بجلی فراہم کرنے کا اعلان کر چکی ہے جبکہ دوسری طرف نیپرا کی جانب سے فکسڈ چارجز میں اضافہ کر کے صنعتی ریلیف پر پانی پھیر دیا گیا' جس سے نہ صرف حکومتی رٹ چیلنج ہوتی نظر آ رہی ہے بلکہ پاور سیکٹر کے سامنے اسکی بے بسی کا بھی تاثر پختہ ہو رہا ہے۔ ملک بھر میں پٹرولیم مصنوعات کے نرخ گزشتہ تین ماہ سے مسلسل نیچے آ رہے ہیں مگر فی کیپٹوں کی جانب سے ڈیول ایڈجسٹمنٹ کی مد میں ہر دوسرے تیسرے روز بجلی کے نرخوں میں من مانا اضافہ کر دیا جاتا ہے۔ بجلی کی قیمتیں جس بلند ترین سطح پر پہنچا دی گئی ہیں' آئندہ آنے والے وقت میں بجلی کا استعمال عام آدمی کیلئے ایک ڈراؤنا خواب بن کر رہ جائیگا۔ سوال یہ ہے کہ بجلی' گیس اور پانی کے بلوں میں بھاری ٹیکسوں سے جمع ہونے والے اربوں روپے سے نہ تو ملک کے قرضے کم ہوتے نظر آ رہے ہیں اور نہ مہنگائی کے طوفانوں میں کمی آ رہی ہے۔ قوم یہ پوچھنے میں حق بجانب ہے کہ یہ خطیر رقم کہاں استعمال ہو رہی ہے اور کن کی تجوریوں میں جا رہی ہے۔

## بھیک نہیں، باعزت روزگار دیں

رفیع صحرائی

بہت مشہور واقعہ ہے۔ ہم سب نے نصاب کی کتابوں میں بھی پڑھا ہے کہ ایک صحابی رضی اللہ عنہ۔ نبی علیہ السلام صلی اللہ علیہ والہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کی کہ گھر میں کھانے کو کچھ نہیں۔ فاقوں کی نوبت ہے بچہ کو دوا دی جائے۔ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کے پوچھنے پر ان صحابی نے بتایا کہ گھر میں صرف ایک پیالہ ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے اس سے وہ پیالہ منگوایا اور وہیں پر دو درہم میں فروخت فرما کر ان صحابی سے فرمایا کہ درہم کی کلہاڑی اور دی اور دوسرے درہم کی کھانے پینے کی چیزیں لے آؤ۔ جب وہ بازار سے واپس آیا تو آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم نے اس کلہاڑی میں اپنے ہاتھ سے دستہ ٹھونکا اور فرمایا۔ "جاؤ! اس کلہاڑی کے ساتھ جنگل سے لکڑیاں کاٹ کر بازار میں فروخت کرو۔" وہ صحابی رضی اللہ عنہ چلے گئے اور حسب الحکم لکڑیاں کاٹ کر بیچنے کا کام شروع کر دیا۔ چند روز بعد دوبارہ خدمتِ نبوی صلی اللہ علیہ والہ وسلم میں حاضر ہوئے اور عرض کی کہ گھر کے حالات ٹھیک ہو گئے ہیں اور چند درہم کی بچت بھی ہو گئی ہے۔ آپ صلی اللہ علیہ والہ وسلم اس کے حالات سن کر بہت خوش ہوئے اور فرمایا" میں نہیں چاہتا تھا کہ قیامت کے دن تمہارے چہرے پر بھیک مانگنے کا داغ ہو"

اب ذرا وطنِ عزیز کی طرف آ جائیے۔ ملک کی کثیر آبادی کو سرکاری طور پر برابر بے نظیر انکم سپورٹ پروگرام کے تحت بھیک دے کر ایک چوتھائی آبادی کی پیشانیاں داغ دار کی جا رہی ہیں۔ لوگ اس قلیل رقم کے حصول کے لیے پہروں قطاروں میں لگ کر ذلیل و خوار ہو رہے ہوتے ہیں۔ عجیب دھوکا مقتضی کا منظر ہوتا ہے۔ ایسے میں ٹاٹ باغی ٹاٹ نہ پختہ ہو رہا ہے۔ ملک بھر میں پٹرولیم مصنوعات کے نرخ گزشتہ تین ماہ سے مسلسل نیچے آ رہے ہیں مگر فی حقیقت یہ واقعہ چیلنج آلودہ صرف 18 برس کی عمر میں ناانصافی کر دیا جاتا ہے۔ بجلی کی قیمتیں جس بلند ترین سطح پر پہنچا دی گئی ہیں' آئندہ آنے والے وقت میں بجلی کا استعمال عام آدمی کیلئے ایک ڈراؤنا خواب بن کر رہ جائیگا۔ سوال یہ ہے کہ بجلی' گیس اور پانی کے بلوں میں بھاری ٹیکسوں سے جمع ہونے والے اربوں روپے سے نہ تو ملک کے قرضے کم ہوتے نظر آ رہے ہیں اور نہ مہنگائی کے طوفانوں میں کمی آ رہی ہے۔ قوم یہ پوچھنے میں حق بجانب ہے کہ یہ خطیر رقم کہاں استعمال ہو رہی ہے اور کن کی تجوریوں میں جا رہی ہے۔

## مسلمانوں کے خلاف مودی کے اقدامات

عمر فاروق آہگی

9 جون کو نریندر مودی نے انڈیا کے وزیراعظم کے طور پر اپنی تیسری مدت کے لیے حلف سنبھالا تو اس کے بعد بننے والی کابینہ میں بھارتیہ جنتا پارٹی اور اس کی اتحادی جماعتوں کے 71 وزرا شامل ہوئے۔ اگر نریندر مودی کی پچھلی دو حکومتوں سے اس کابینہ کا موازنہ کیا جائے تو یہ این ڈی اے حکومت کی اب تک کی سب سے بڑی وزارتی کونسل ہے۔ انڈیا کی تاریخ میں یہ پہلا موقع ہے کہ کسی بھی مسلم رکن اسمبلی نے لعلو در وزیر حلف نہیں اٹھایا۔ پچھلی بار 543 رکنی لوک سبھا میں این ڈی اے کے 293 ممبران پارلیمنٹ میں سے ایک بھی مسلمان نہ تھا یا سمجھا جاتا ہے۔

اتحادیوں کو لوک سبھا کے انتخابات میں بی جے پی نے کل 240 سیٹیں جیتیں اور اتحادیوں کے ساتھ اس کی لوک سبھا میں 293 سیٹیں ہیں۔ وزیراعظم نریندر مودی کی کابینہ میں بھی 71 رکنی کابینہ میں بی جے پی اور باقی کا این ڈی اے اتحادیوں سے ہے۔ یہ 2014 کے بعد این ڈی اے کے وفاقی وزرا کی سب سے بڑی تعداد ہے۔ انڈیا کی کل 28 ریاستوں میں سے 21 میں بی جے پی کا تعلق ہندو قوم پرست آر ایس ایس سے ہے۔ یہ ایک ایسی تنظیم ہے جو اپنے آپ کو ہندو قوم کا محافظ قرار دیتی ہے۔ اس کے 60 لاکھ رکن ہیں۔ اس کے 1.4 ملین رضاکار ہیں۔ اس کے 14.2 فیصد ہندو ہیں۔ انڈیا کی ریاست یوپی میں چار کروڑ مسلمان رہتے ہیں اور ریاست کل آبادی میں ان کا حصہ 19 فیصد ہے۔ مگر مسلمانوں کو نظر انداز کیا جاتا رہا ہے اور انہیں مسلسل دیوار سے لگایا جا رہا ہے۔ 18 دیں لوک سبھا کے لیے ہونے والے انتخابات میں 24 مسلم اراکین پارلیمنٹ منتخب ہوئے ہیں، جن میں سے 21 کا تعلق حزب اختلاف کے اتحاد انڈیا میں شامل مختلف سیاسی جماعتوں سے ہے۔

ایسا نہیں ہے کہ بی جے پی نے باضابطہ طور پر کسی بھی مسلمان کو ٹکٹ نہیں دیا لیکن بی جے پی کے ٹکٹ حاصل کرنے والے مسلمان امیدواروں کی تعداد مسلسل کم ہو رہی ہے۔ 2014 کے لوک سبھا انتخابات میں بی جے پی نے سات مسلمان امیدواروں کو پارٹی ٹکٹ دیا تھا جبکہ 2019 میں بی جے پی نے چھ مسلمانوں کو ٹکٹ دیا تھا۔ تاہم 2014 اور 2019 میں بی جے پی کا ایک بھی مسلمان امیدوار الیکشن نہیں جیت سکا۔ حالیہ انتخابات میں بی جے پی نے ایک مسلمان امیدوار کو ٹکٹ دیا تھا۔ بی جے پی کے ٹکٹ پر لوک سبھا پہنچنے والے آخری مسلم ایم پی ظاہر حسین تھے جو 2009 کا میاب ہوئے تھے۔

تاریخی طور پر دیکھا جائے تو انڈیا میں مسلمانوں کو ان کی آبادی کے مطابق پارلیمنٹ میں نمائندگی نہیں مل سکی۔ پارلیمنٹ میں مسلمانوں کی نمائندگی تقریباً پانچ فیصد رہی ہے اور الیکشن لڑنے والے مسلمان امیدواروں کی تعداد میں بھی مسلسل کمی آ رہی ہے۔ 2019 کے لوک سبھا انتخابات میں 115 مسلمان امیدوار تھے، جبکہ 2024 میں یہ تعداد کم ہو کر 78 رہ گئی۔ تیسری انتخابی مہم میں بھی مودی نے مسلسل مسلمان مخالف بیانیے کا استعمال کیا۔ تیسری بار اقتدار حاصل کرنے پر مودی نے لوک سبھا میں مسلمانوں کی نمائندگی بھی صفر کر دی۔

خطے کی جغرافیائی سیاست اب تبدیل ہو چکی ہے لیکن بھارت آج بھی اقلیتوں بالخصوص مسلمانوں کے خلاف نفرت پر مبنی سیاست کا شکار ہے۔ مودی کی جماعت بھارتیہ جنتا پارٹی کی زیر قیادت حکومت اکثر بھارت کی اقلیتی برادریوں خصوصاً مسلمانوں کو نشانہ بنا رہی ہے۔ 2002 کے گجرات فسادات کے بعد ہونے والے اختیاری مہم کے دوران مودی نے مسلمانوں کو نشانہ بناتے ہوئے کہا کہ کیا سرکار کو ریلیف کیمپ چلانا چاہیے؟ کیا ہمیں مسلمان پیدا کرنے کے مراکز کھولنے چاہئیں؟

مسلمانوں کو سیاسی طور پر پیچھے دھکیلنے کے ساتھ ساتھ گاؤ ماتا کی رکھشا کے نام پر آئے روز مسلمانوں کو قتل کیا جا رہا ہے۔ کسی مسلمان کے پاس سے گوشت برآمد ہو جائے تو بغیر کسی تصدیق یا لیبارٹری ٹیسٹ کے اس گوشت کو گائے کا گوشت قرار دے کر انہیں مار دیا جاتا ہے۔ بھارت کی اعلیٰ عدالتیں بھی اس بات کو تسلیم کر چکی ہیں کہ گائے کے گوشت کے نام پر بے گناہ مسلمانوں کو نشانہ بنا کر ان کے گھروں کو مسمار کر دیا جاتا ہے۔

مودی نے حالیہ الیکشن میں اعلان کیا تھا کہ وہ شہریت کے قوانین اور نیشنل سیکیورٹی کے حوالے سے تبدیلیاں لائیں گے انڈیا کی حکومت غیر قانونی تارکین وطن کی نشاندہی کے لیے نیشنل رجسٹریشن آف سٹیزن شپ کا عمل شروع کرنے جا رہی ہے۔ جہاں تک سٹیزن شپ ایکٹ (سی اے اے) کا تعلق ہے، یہ قانون بظاہر پاکستان اور بنگلہ دیش سمیت ہمسایہ ممالک کے خلاف بنایا گیا ہے۔ یہ قانون 11 دسمبر 2019 کو بھارتی پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں میں پاس کیا گیا۔ اس ایکٹ سے مسلمانوں اور دیگر اقلیتوں میں عدم تحفظ کا احساس پیدا ہوا تھا۔

بھارت کے متنازع ترین قانون این آر سی کو سادہ لفظوں میں بیان کریں تو وہ یہ ہے کہ بھارتی شہریت خاص کر مسلمانوں کو ہر ثابت کرنا پڑے گا کہ وہ اور ان کے والدین 1951 سے پہلے بھارت کے شہری ہیں۔ ایسا انہیں زبانی کلامی نہیں بلکہ دستاویزات کے ساتھ ثابت کرنا پڑے گا کہ انہیں بھارت میں رہنے کا حق حاصل ہے۔ افسوسناک بات یہ ہے کہ اگر کسی مسلمان کے پاس بھارت کا الیکشن کارڈ یا بیج کرائے گئے نیکسوں، سرکاری ٹیلیفون بلوں وغیرہ کی تصیلات ہیں تو انہیں بھی ناکافی قرار دیا گیا ہے۔ اب غریب مسلمانوں کے لیے یہ بہت مشکل ہو گیا ہے کہ وہ اپنے آبا و اجداد کی بھارتی شہریت ثابت کریں۔ ایسے مسلمانوں کو کہا جا رہا ہے کہ وہ یا تو پاکستان یا بنگلہ دیش چلے جائیں۔ جبکہ غیر مسلموں کو خاص کر بنگلہ دیش سے آنے والے ہندوؤں کو دستاویزات نہ رکھنے کے باوجود بھارتی شہریت دی جا رہی ہے تاکہ وہ بی جے پی کے ووٹر بنیں۔

اب سوال یہ ہے کہ بھارت میں متنازع قوانین سمیت مسلمانوں کے خلاف جو کچھ ہو رہا ہے کیا یہ سب محض اتفاق ہے یا کسی سوچے سمجھے منصوبے کا حصہ ہے اس کا سیدھا سادا جواب یہ ہے کہ یہ اتفاق نہیں۔ یہ بی جے پی کا انتخبی اور سوچا سمجھا منصوبہ ہے کہ وہ سیکولر بھارت کو ایک ہندو ریاست میں بدل رہے ہیں۔ افسوسناک بات یہ ہے کہ اس سارے معاملے میں بھارت کا سیکولر طبقہ اور ان قوانین کی مخالف سیاسی جماعتیں بے بس نظر آتی ہیں۔ بی جے پی کا منصوبہ صرف پاکستان کے خلاف نہیں بلکہ وہ خطے کے تمام مسلم ممالک اور بھارت میں بسنے والے مسلمانوں کے خلاف بھی ہے۔ بی جے پی کے ایجنڈے سے ہمیں بتا شعورِ پاکستان کو بے انتہا بنگلہ دیش اور مالدیپ، یہاں تک کہ غیر مسلم ممالک نیپال اور سری لنکا کو بھی ہے۔ شاہت بھارتیہ جنتا پارٹی ہٹلر کی طرح انتہا نظریہ پر مبنی جنوبی ایشیا پر مسلط کرنا چاہتی ہے۔

## SHOWBIZ شوبز

### صف اول کے اداکار نے تنہائی میں ملنے کو کہا تھا، ایشا کا پیکر

میرے زمانے کی بہت ساری اداکاراؤں نے انڈسٹری چھوڑ دی تھی

کمبخی (این این آئی) ماڈل و وڈ اداکارہ ایشا کوپکر نے دعویٰ کیا ہے کہ انہیں فلم انڈسٹری کے ایک صف اول کے اداکار نے تنہائی میں ملنے کو کہا تھا۔ 2000 کی فلم غلامیں غیر معروف اسٹار کے اداکارہ نے والی 47 سالہ اداکارہ ایک انٹرویو کے دوران ڈیڈیا کی آنکھوں کے ساتھ حرید بتایا کہ جس وقت وہ اداقیہ چیلنج آلودہ صرف 18 برس کی تھیں۔ انھوں نے کہا کہ اداکار کے سکیہ بڑی بے دھڑکے کے ساتھ دوستانہ اندازِ اپنانا ہوگا۔ ایشا کا کہنا تھا کہ برباد ماڈل و وڈ میں آپ کیا کر سکتے ہیں۔

### جس لڑکے کو پسند کرتی تھی اس کی شادی ہوگئی، ہانیہ عامر

ہمیں تو کبھی یکطرفہ محبت نہیں ہوئی اور ہوتی بھی نہیں چاہیے

کراچی (این این آئی) اداکارہ ہانیہ عامر کا کہنا ہے کہ وہ جس لڑکے کو پسند کرتی تھیں اس کی شادی ہوگئی ہے۔ شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ ہانیہ عامر نے فی ڈی وی کے پروگرام میں شرکت کی جہاں انہوں نے فنی زندگی، شوبز کریئر سمیت دیگر موضوعات پر گفتگو کی۔ میزبان نے پوچھا کہ اپنے عامر کو کس پر کرش ہے کو وہ جس لڑکے کو پسند کرتی تھیں اس کی شادی ہوگئی ہے۔ شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ ہانیہ عامر نے فی ڈی وی کے پروگرام میں شرکت کی جہاں انہوں نے فنی زندگی، شوبز کریئر سمیت دیگر موضوعات پر گفتگو کی۔ میزبان نے پوچھا کہ اپنے عامر کو کس پر کرش ہے کو وہ جس لڑکے کو پسند کرتی تھیں اس کی شادی ہوگئی ہے۔ شوبز انڈسٹری کی معروف اداکارہ ہانیہ عامر نے فی ڈی وی کے پروگرام میں شرکت کی جہاں انہوں نے فنی زندگی، شوبز کریئر سمیت دیگر موضوعات پر گفتگو کی۔



### انوکپور نے کنگنا رناوت کو پہچاننے سے انکار کر دیا

انوکپور آج کل اپنی فلم 'ہمارے بارہ' کی تشہیر میں مصروف ہیں

کمبخی (این این آئی) ماڈل و وڈ کے ڈیڈ اداکار انوکپور نے فلم انڈسٹری کی کوین کنگنا رناوت کو پہچاننے سے انکار کر دیا۔ بھارتی میڈیا رپورٹ کے مطابق 68 سالہ انوکپور سے میڈیا نے چندی گڑھ ایئرپورٹ پر خاتون سیکیورٹی اہلکار کی طرف سے کنگنا رناوت کو تھپڑ مارنے کے واقعے پر ردِعمل مانگا۔ اس پر پنجاری اداکار نے کہا کہ میں موضوع پر بات کرنے سے گریز کیا جا رہا ہے اور انتظار کیا کہ کنگنا رناوت کون ہے؟ کیا وہ خوبصورت ہے؟ انوکپور آج کل اپنی فلم 'ہمارے بارہ' کی تشہیر میں مصروف ہیں۔

### انیل کپور نے بونی کپور کیساتھ رشتے میں دراڑ پڑنے کی خبریں سامنے آئی تھیں

ردوں کے درمیان مبینہ طور پر دراڑ پڑنے کی خبریں سامنے آئی تھیں

کمبخی (این این آئی) بالی وڈ کے سینئر اداکار انیل کپور اور ان کے بھائی بونی کپور کے درمیان مبینہ دراڑ کی خبریں میڈیا کی زینت بنی ہوئی ہیں، جس پر انیل کپور نے لب کشائی کر دی ہے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق انیل کپور کو ان کے بھائی اور فلمساز بونی کپور نے ذاتی رنجش کے دھرے میں ملوث قرار دیا ہے۔ بونی کپور کے درمیان مبینہ دراڑ پڑنے کی خبریں سامنے آئی تھیں، نام انیل کپور نے اس حوالے سے لب کشائی کر دی ہے۔ پبلی کلائمز کے دوران اب انیل کپور نے ایک صحافی کے ساتھ چلنے والے سوال کے جواب میں کہا کہ ان کی زندگی کے اہم ترین لوگوں کا مطلب ہے کہ ہر کوئی کا مطلب ہے کہ ہر کوئی کا مطلب ہے کہ ہر کوئی

## آئیسکو بجلی میں بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس 27 جون 2024ء عارضی بجلی بندش کا شیڈول

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) اسلام آباد الیکٹرک سپلائی کمپنی (آئیسکو) کے ترجمان کے مطابق جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق بوجہ ضروری سسٹم مینٹیننس ایڈوانسڈ ورکس آئیسکو ریجن کے اسلام آباد، راولپنڈی، اٹک، چکوال اور جہلم کے مختلف علاقوں کی بجلی سپلائی کرنے والے فیڈرز پرتوں ڈیل سرکل، دھرالی، جلالہ، سنی، بازار، مورت، دوتال، مرتھ، گلر فیڈرز اور 08:00 سے 12:00 تک 30 MVA ٹرانسفارمر بند رہیں گے۔ مزید برآں 30 سے 40 میگا واٹ کی لوڈ مینجمنٹ ضرورت پڑنے پر 132KV سہاوہ اور بکرا منڈی گرڈ اسٹیشن پر کی جا سکتی ہے۔ مورخہ 27 جون تا 28 جولائی تک بمع 08:00 سے 12 بجے شام 06:00 کے تک 132KV گرڈ اسٹیشن پرنیو سٹی میر پور، میر پور، اسلام گڑھ، چکسواری اور ڈھوک راجہ گرڈ اسٹیشن پر 20 میگا واٹ اور بجلی ساز کمپنی 50 میگا واٹ کی لوڈ مینجمنٹ کی جا سکتی ہے۔ آئیسکو انتظامیہ اپنے صارفین سے معذرت خواہ ہے۔ وقت کی بچت کا مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی سپلائی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جا سکتی ہے اور گرڈ خواہ اگر بجلی بند رہے گی۔

### بقیہ 52

حزہ اور ضم پوشاک و حسانی ریلائز ریا شرکت کی ہے۔ جس کی آج کل بجلی بند ہے۔ ان کارخانوں کو ہفتہ کی تین کڑیاں لگا کی تھی، شاید ان باب کا ضبہ کے کو خود ذکر نہیں بتن تھی۔

### بقیہ 52

پاکستان کی سکیورٹی اداروں کے خلاف دہشتگردانہ کارروائی میں حصہ لیا۔ جس کا اعتراف کرتے ہوئے دنیز واضا طبہ نوشتہ میرخیلا الگوٹ کی کہ ہم ایک بڑی کامیابی کے بارے میں آگاہ کر رہے ہیں، قانون نافذکرنے والے اداروں نے کوئٹہ میں ایک آپریشن کیا کارروائی میں ہم دہشتگرد کاظم رحمانی کو گرفتار کیا گیا، دہشتگرد کاظم اپنے ساتھیوں کو ہدایات دیتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گرفتار کاظم، اللہ داد مگسی کا بھتیجا ہے، اور اس طرح کے کارروائیوں کا ماسٹر مائنڈ ہے، بعد ازاں انہوں نے دہشتگرد اللہ داد کا ویڈیو پیغام اللہ۔ دہشتگرد اللہ داد کا کہنا تھا کہ دور دراز علاقوں میں ہمارے ساتھی موجود ہیں، جو تنظیم کو مضبوط کر رہے ہیں، ہم کوئٹہ میں ایک بڑی کامیابی کی طرف بڑھ رہے ہیں، ہم دہشتگرد کاظم کو کوئٹہ میں گرفتار کیا گیا، دہشتگرد کاظم کا ہم نے دو بار کوئٹہ میں ایک آپریشن کیا، ہم نے اس کو کوئٹہ میں گرفتار کیا، دہشتگرد کاظم کا ہم نے

# انتظامیہ کی نااہلی یا چمک کا کمال، تجاوزات کیخلاف کارروائی نہ ہو سکی

کری روڈ، ٹرالی اڈہ، گلزار قائد، مورگاہ، ہائی کورٹ روڈ سمیت دیگر علاقوں میں تجاوزات کی بھرمار ہے

**ریڑھی بانوں اور دوکانداروں کی جانب سے تجاوزات کے باعث سڑکیں سکڑ گئیں، اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ**

راولپنڈی (ڈیلی عوامی للکار/عبدالرحمان) محکمہ انتظامیہ کی نااہلی یا چمک کا کمال پریم کورٹ کے واضح احکامات کے باوجود ضلع کونسل کے علاقوں میں تجاوزات کیخلاف آپریشن نہ ہو سکا۔ شہر میں تجاوزات کی بھرمار ہو گئی، پیدل چلنا محال، ٹریفک جھٹکے معمول بن گیا۔ شہریوں نے اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق سپریم کورٹ آف پاکستان نے ملک بھر میں تجاوزات کی بھرمار کے باعث سڑکوں کے تمام شہروں میں تجاوزات کے خاتمے کے لئے واضح احکامات جاری کئے ہیں تاہم انتظامیہ نے تجاوزات مافیا کیخلاف کوئی کارروائی نہیں کی، تجاوزات کے باعث (بقیہ نمبر 1)

## پی پی آئی کامیاب نہ ہوئے تو پاکستانی عوام ہار جائیں گے، فواد چوہدری

لاہور (این این آئی) سابق وفاقی وزیر فواد چوہدری نے کہا ہے کہ پی پی آئی عمران خان کامیاب نہ ہوئے تو پاکستان کے عوام ہار جائیں گے، مجھے یہ اہم نہیں ہیں پی پی آئی کی کامیابی بہرصورت ضروری ہے۔ انسداد دہشتگردی عدالت کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فواد چوہدری کا کہنا تھا کہ میں عمر سرفراز چیمہ، ڈاکٹر یاسین راشد اور اعجاز (بقیہ نمبر 3)

## خوشاب میں دفعہ 144 کا فوری نفاذ

**پھلائی اور کاہو کے درخت کاٹنے پر پابندی لگا دی گئی**

لاہور (این این آئی) حکومت پنجاب نے خوشاب میں دفعہ 144 کا فوری نفاذ کرتے ہوئے پھلائی اور کاہو کے درخت کاٹنے پر پابندی لگا دی۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق تمباکو کی بڑھتی مانگ کے باعث پھلائی اور کاہو کے درختوں کو تیزی سے کاٹا جا رہا تھا، درختوں کی کٹائی سے وادی سون کے ماحولیاتی نظام کو شدید خطرات لاحق (بقیہ نمبر 2)

لاہور جنرل ہسپتال اور میو کی آؤٹ ڈور نارمل سے مریض مفت ادویات حاصل کر رہے ہیں

## چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث ملزمہ کو گرفتار

**ملزمہ بھگو پلی نے ابتدائی تفتیش میں متعدد وارداتوں کا انکشاف کیا ہے**

راولپنڈی (عبدالرحمان سے) تھانہ وکٹوریہ پولیس نے چوری کی متعدد وارداتوں میں ملوث ملزمہ کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے موبائل فون اور نقدی برآمد کر کے مزید تفتیش کا آغاز کر دیا۔ تفصیلات کے مطابق اسٹیشن کمانڈر سٹی ڈویژن ناصر ضیاء کی ہدایت پر ایس ایچ او تھانہ وکٹوریہ انسپکٹر ذوالفقار حمید کی سربراہی میں قائم ٹیم نے ملزمہ کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے موبائل فون اور نقدی برآمد کر کے مزید تفتیش کا آغاز کر دیا۔

## میڈیکس ہسپتال ہر نال معیاری طبی سہولیات فراہم کرنے میں کوشاں

**کم وقت میں میڈیکس ہسپتال نے اہل علاقہ کے دل جیت لیے**

دوکالں (قمرشہزاد) میڈیکس ہسپتال ہر نال معیاری طبی سہولیات فراہم کرنے میں کوشاں، کم وقت میں میڈیکس ہسپتال نے اہل علاقہ کے دل جیت لیے، تفصیلات کے مطابق انسانیت کا درد رکھنے والی غریب پرور معروف معالج سرجن لیڈی ڈاکٹر ریما قریشی کی انتھک محنت سے میڈیکس ہسپتال اس ہوشگاکی کے درمیں کسی نعمت سے کم نہیں، مندرہ کوہال (بقیہ نمبر 6)

راولپنڈی سی پی او خالد ہمدانی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کرنے انسپکٹر ڈی ٹیشان سرور کو تعریف سرٹیفکیٹ دے رہے ہیں

## بجلی کے بھاری بھرکم بلوں نے شہریوں کی چیخیں نکلوا دیں

**حکمران اقتصادی پالیسیوں میں ملک کے مفاد میں ملنے کو فائدہ پہنچا رہے ہیں، ہم لوگ بجلی کے بل جمع کروا کیں یا اپنے گھروں کا راشن پورا کریں**

**ہم فاقہ کشی پر مجبور ہیں، حاکم وقت کو چاہئے کہ وہ مہنگائی کی چکی میں پسنے والوں کیلئے ضروری اقدامات کرے شہری ملتے**

گوجر خان (قمرشہزاد) بجلی کے حالیہ آنے والے بھاری بھرکم بلوں نے شہریوں کی چیخیں نکلوا دیں شہریوں میں مایوسی کی لہر دوڑ گئی، روز بروز بڑھتی مہنگائی نے عوام کا بھرکس نکال کر رکھ دیا، چینی اور اشیاء خوردونوش کی قیمتوں میں اضافہ ہونے کے ساتھ ساتھ بجلی، گیس کے نرخ بھی آسمان کو چھونے لگے عوام پرنٹ نے ٹیکس لگانے کے لیے مختلف حیلوں بہانوں سے راستے تلاش کیے جا رہے ہیں ان خیالات (بقیہ نمبر 8)

## آئی جی اسلام آباد کا کھلی کچہری کا انعقاد، شہریوں کے مسائل سنے

**ناظم خرم میں درخواستوں کو میرٹ پر حل کر کے رپورٹ سنٹرل پولیس آفس بھیجوائیں**

اسلام آباد (این این آئی) آئی جی اسلام آباد نے کھلی کچہری میں شہریوں اور پولیس افسران کے مسائل سنے، کھلی کچہری میں شہریوں اور پولیس افسران کے مسائل سنے اور ان کے حل کے لئے موقع پر ہی ہدایات جاری کیں۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد ناصر رضوی نے سنٹرل پولیس آفس اسلام آباد میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا، انہوں نے کھلی کچہری میں شہریوں اور پولیس افسران کے مسائل سنے اور ان کے حل کے لئے موقع (بقیہ نمبر 9)

## اسلام آباد پولیس تھانہ انڈسٹریل ایریا پولیس کی کارروائی

**لوٹنے اور چھیننے کی متعدد وارداتوں میں ملوث منظم گروہ کے اہم رکن کو گرفتار**

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد پولیس تھانہ انڈسٹریل ایریا پولیس نے ڈکیتوں اور ATM سے رقم نکلوانے والشہریوں سے پیسے چھیننے کرنے کے بہانے لوٹنے اور چھیننے کی متعدد وارداتوں میں ملوث منظم گروہ کے اہم رکن کو گرفتار کر لیا، گرفتار ملزم کے خلاف تھانہ انڈسٹریل ایریا پولیس نے ڈکیتوں اور ATM سے رقم نکلوانے والشہریوں سے پیسے چھیننے کرنے کے بہانے لوٹنے اور چھیننے کی متعدد وارداتوں میں ملوث منظم گروہ کے اہم رکن کو گرفتار کر لیا، ملزم کے قبضہ سے مقدمات درج، مزید تفتیش جاری ہے۔ تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس اسلام آباد سید علی ناصر رضوی کے خصوصی اکھابات کی روشنی میں اسلام آباد پولیس (بقیہ نمبر 1)

## جنگلات کی کمی ماحولیاتی نظام کو تباہ کر رہی ہے، ڈپٹی کمشنر جہلم

**زیادہ سے زیادہ درخت لگا کر موسمیاتی تبدیلیوں سے بچا جا سکتا ہے، سیدہ رملہ علی**

جہلم (این این آئی) جنگلات کی کمی ماحولیاتی نظام کو تباہ کر رہی ہے زیادہ سے زیادہ درخت لگا کر موسمیاتی تبدیلیوں سے بچا جا سکتا ہے یہ بات ڈپٹی کمشنر جہلم سیدہ رملہ علی نے آئندہ موسم برسات میں شجرکاری مہم کی تیاریوں کا جائزہ لیتے ہوئے کہی۔ اجلاس میں محکمہ جنگلات نے موسم برسات میں لگائے جانے والے پودوں اور اس حوالے سے تیاریوں اور (بقیہ نمبر 2)


فوری ضرورت

عوامی للکار

کو ملک بھر کے چھوٹے بڑے شہروں سے

نمائندگان و بیورو چیف درکار ہیں

خواہشمند امیدوار رابطہ کریں۔

0312-7786354

www.awamilalkaar.com

اسلام آباد: وفاقی وزیر ہیلتھ امیر مقام اور قومی جرگہ کے ممبران اسلام آباد میں جاری دھرنا ختم کرنے کے اعلان کے بعد دعا کر رہے ہیں

## محکمہ مال بورڈ آف ریونیو راولپنڈی کیمپ کی افسر شاہی

**عملہ کے سائلین کے ساتھ ناروا سلوک کی وجہ سے سائلین مقدمات سے بیزار**

گوجر خان (قمرشہزاد) محکمہ مال بورڈ آف ریونیو راولپنڈی کیمپ آفس افسر شاہی اور عملہ کے سائلین کے ساتھ ناروا سلوک کی وجہ سے سائلین مقدمات سے بیزار۔۔ شدید گرمی میں دور دراز علاقوں سے کراپ لیگ کر جب سائلین محبر بورڈ آفس راولپنڈی پہنچتے ہیں تو پتہ چلتا ہے کہ آج افسر تھیں ہے۔ عملہ محبر بورڈ نہ سنتا ہے، بزاں کرتا ہے اور بغیر اتھی تاریخ دے (بقیہ نمبر 13)

## پولیس ڈاکوؤں کیخلاف کوئی موثر کارروائی نہیں کر سکی

**امن بحال تحریک کی کال پر مختلف سیاسی سماجی تنظیموں کی جانب سے ریلی نکالی گئی**

کندہ کوٹ رپورٹ (علی نواز شیخ) کندہ کوٹ: مختلف سیاسی سماجی اور مذہبی تنظیموں کے جانب سے امن بحال امن کے نام ریلے نکالے گئے ریلے کے قیادت جماعت اسلامی کے امیر غلام مصطفیٰ میرانی اس پی او کے شرمت بجرانی ڈاکٹر سریش آنند بھوجوانی ٹھمری اسٹیشن تنظیمی کے حسین بخش سومرو سید رشید احمد شاہ غلام رسول ملک اور دیگر رھنماں نے کے ریلی میں شریک شرکاء نے ہاتھوں میں سفید جھنڈے اٹھا کر امن دو امن دو، ڈاکو راج ختم (بقیہ نمبر 4)

کندہ کوٹ مختلف سیاسی جماعتوں کی طرف سے احتجاجی مظاہرہ کیا جا رہا ہے

## پرامن فضا کے قیام کیلئے مثالی انتظامات کیے جا رہے ہیں

**تمام مذہبی اجتماعات کو فول پروف سیکورٹی، میپ ٹیسل سروسز فراہم کی جائیں گی**

ضلعی و تحصیل سطح پر کنٹرول روم کا قیام عمل میں لایا جائے گا، انجینئر عامر خٹک

اٹک (این این آئی) کمشنر راولپنڈی انجینئر عامر خٹک نے کہا ہے کہ محرم الحرام میں پرامن فضا کے قیام کے لیے مثالی انتظامات کیے جا رہے ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اٹک کے دورے کے موقع پر کیا، ڈپٹی کمشنر اٹک راعاطف رضاء ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر، اسسٹنٹ کمشنر ذی ای او ایجوکیشن و دیگر اور سٹی افسران بھی موجود تھے، دورے کے دوران کمشنر راولپنڈی نے ضلعی امن کمیٹی و دین اتحاد اہب ہم آہنگی کمیٹیوں کے اجلاسوں کی صدارت کی، اس موقع پر اراکین ضلعی امن کمیٹی بھی موجود تھے، کمشنر راولپنڈی انجینئر عامر خٹک نے کہا کہ محرم الحرام میں امن وامان قائم رکھنے میں ملکر کام کیا جا رہا ہے، اٹک میں امن قائم رکھنے میں علماء کرام کے تعاون اہم ہیں، انہوں نے کہا کہ محرم الحرام میں حکومت کی جانب سے (بقیہ نمبر 5)

## کندہ کوٹ: امن بحال تحریک کی کال پر احتجاجی مظاہرہ

**امن امان کی بحالی کیلئے چھوٹے بچوں نے بھی شرکت کی**

شمبو (سید رشید احمد شاہ سے) خبر کے مطابق کشمور کندہ کوٹ ضلع میں امن بحالی تحریک میں شریک شرکاء نے ہاتھوں میں سفید جھنڈے اٹھا کر امن دو امن دو کے نعرے لگاتے رہے ڈاکو راج اور امریت کرائم کرم کرو کے غیر بیانی کی گئی دن دہاڑے شہریوں کو اغواء کر تے ہیں مزاحمت پر شہریوں کو گولی مار کر ہلاک کر کے فرار ہو جاتے ہیں دیہاتیوں اور مسافروں کو گاڑیوں سے اتار کر اغواء کر کے ڈاکو آسانی سے کچے کے علاقے میں فرار ہو جاتے (بقیہ نمبر 16)

لاہور، صوبائی وزراء محمد خورشید، سلمان رفیق اور خواجہ عمران نذیر محکمہ سیٹھا کرنڈ اینٹیلیٹ کیئر اینڈ میڈیکل ایجوکیشن میں انہم اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

## ایس پی صدر کی پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری

**شہریوں کے مسائل سن کر حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے**

راولپنڈی (این این آئی) ایس پی صدر محمد عجیل کھوکھر نے پولیس لائنز ہیڈ کوارٹرز میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا اور شہریوں کے مسائل سن کر ان کے حل کے لیے متعلقہ افسران کو احکامات جاری کیے، مارک کردہ درخواستوں پر پیشے کے مطابق